08-08-2024 THURSDAY URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں :

☆وقف ترمیمی بل 2024 کومزید جانچ پڑتال کیلئے مشترکہ پارلیمانی کمیٹی سے رجوع کردیا گیا ہے۔

☆مالیاتی خدمات کی عالمی کمپنی چارلس شواب نے بھارت میں اپنے پہلے ٹیکنالوجی ڈیولپمنٹ سنٹر کے قیام کیلئے حیدرآباد کوممکنہ مقام کے طور پر منتخب کیا ہے۔

☆ایم بی بی ایس اور ڈی بی ایس میں داخلوں کے امیدوار طلبہ اوران کے والدین نے جی او 33 کومنسوخ کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔

☆ریزوبینک آف انڈیا نے ریپوشرح کوکسی تبدیلی کے بغیر 6.5 فیصد برقرار رکھا ہے۔

☆بنگلہ دیش سے غیرقانونی تارکین وطن کے داخلہ کوروکنے کیلئے حیدرآباد میں پولیس نے چوکسی اختیار کرلی ہے۔

☆☆☆☆☆

ریزروبینک آف انڈیا نے مالی سال 2024-25 کے تیسرے دو ماہی اجلاس میں جاریہ مالی سال کیلئے حقیقی مجموعی قومی پیداوار کی پیش قیاسی کوکسی تبدیلی کے بغیر 7.2 فیصد برقرار رکھا ہے۔ ریزوبینک آف انڈیا کے گورنرشکتی کانت داس نے آج ایک بیان میں کہا کہ اجلاس میں ریپوشرح کوکسی تبدیلی کے بغیر 6.5 فیصد برقرار رکھنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ مجموعی قومی پیداوار میں مسلسل اضافہ مانٹیری پالیسی کو افراط زر پر توجہ مرکوز کرنے کی گنجائش فراہم کرتا ہے۔ مالی سال 2025 کے پہلے سہ ماہی کیلئے جی ڈی پی کی شرح ترقی کے نشانہ کو 7.3 فیصد سے گھٹا کر 7.1 فیصد کردیا گیا۔ آربی آئی کے گورنر نے کہا کہ مجموعی طور پر افراط زر میں کمی آرہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ تیسرے سہ ماہی میں مجموعی افراط زر میں مزید کمی آسکتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ قیمتوں کے استحکام کے بغیر زیادہ شرح ترقی برقرار نہیں رکھی جاسکتی۔

☆☆☆☆☆

وقف ترمیمی بل 2024 آج لوک سبھا میں پیش کیا گیا لیکن اپوزیشن کے مطالبہ پر حکومت نے بل کے تفصیلی جائزہ کے لئے اسے مشترکہ پارلیمانی کمیٹی سے رجوع کردیا۔ اقلیتی امور کے وزیر کرن ریجوجو نے وقف ایکٹ 1995 میں مزید ترمیم کیلئے لوک سبھا میں بل پیش کیا۔ انہوں نے کہا کہ حکومت بل پر مزید غور وخوص کیلئے تیار ہے۔ انہوں نے کہا کہ مرکزی حکومت کے ارادے صاف ہیں اوراسے کچھ چھپانے کی ضرورت نہیں ہے۔ اس بل کے تحت ریاستی وقف بورڈس کے اختیارات اوران کی کارکردگی سے متعلق امور سے نمٹا گیا ہے۔ اس بل کے تحت وقف جائیدادوں کے سروے کا احاطہ بھی کیا گیا ہے۔ بل کی مخالفت کرتے ہوئے کانگریس، ٹی ایم سی، سماج وادی پارٹی، ڈی ایم کے، این سی پی (ایس پی)، بائیں بازو کی جماعتیں اور دیگر پارٹیوں نے اسے دستور اور مذہبی آزادی کے خلاف قرار دیا۔ کانگریس کے رکن پارلیمنٹ کے سی وینوگوپال نے بل پیش کئے جانے کی مخالفت کرتے ہوئے یہ الزام لگایا کہ یہ بل ملک کے وفاقی ڈھانچہ پر حملہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس بل میں وقف بورڈ کی گورننگ کونسل میں غیرمسلموں کو شامل کرنے کی گنجائش فراہم کی گئی ہے جو عقیدہ اور مذہب پر ایک حملہ ہے۔ انہوں نے الزام لگایا کہ مہاراشٹرا اور ہریانہ کے آنے والے اسمبلی انتخابات کو مدنظر رکھتے ہوئے بری نیت کے ساتھ یہ بل لایا گیا ہے۔

☆☆☆☆☆

بنگلہ دیش میں شورش کے پیش نظر وہاں کے شہریوں کی غیرقانونی طور پر حیدرآباد میں آمد کے امکان کو دیکھتے ہوئے پولیس نے چوکسی اختیار کرلی ہے۔ کولکتہ سے حیدرآباد پہنچنے والی ٹرینوں کی تلاشی لے جارہی ہے تاکہ بنگلہ دیشی شہریوں کو غیرقانونی طور پر شہر میں داخل ہونے سے روکا جاسکے۔ انٹلی جنس ایجنسیوں کی جانب سے چوکس کئے جانے کے بعد پولیس سکندرآباد اور ناملی ریلوے اسٹیشنوں پر پہنچنے والی ٹرینوں کی تلاشی لے رہی ہے۔ شہر کے ان مقامات پر جہاں ماضی میں بنگلہ دیش کے غیرقانونی تارکین وطن گرفتار کئے گئے تھے پولیس کی ٹیمیں تلاشی کی کاروائیوں میں مصروف ہے۔ حیدرآباد، سائبرآباد اور رچہ کنڈہ کمشنریٹ کی پولیس نے بالاپور، کاٹادھن، میلاردیو پلی، فلک نما اور پہاڑی شریف جیسے علاقوں میں چوکسی اختیار کرلی ہے۔ پولیس نے مقامی عوام کومشورہ دیا ہے کہ وہ اپنے محلوں میں مشتبہ افراد کی موجودگی کے بارے میں پولیس کو اطلاع دیں۔

مالیاتی خدمات کی عالمی کمپنی چارلس شواب نے بھارت میں اپنے پہلے ٹیکنالوجی ڈیولپمنٹ سنٹر کے قیام کیلئے حیدرآباد کو ممکنہ مقام کے طور پر منتخب کیا ہے۔ چیف منسٹر ریونت ریڈی، آئی ٹی کے وزیر ڈی سریدھر بابو نے آج امریکہ کے شہر ڈیلاس میں چارلس شواب کے عالمی ہیڈکوارٹرس پر کمپنی کے اعلیٰ عہدیداروں ڈینس ہوارڈ، راما بوکّا اور دوسروں سے ملاقات کی۔ چیف منسٹر اور آئی ٹی کے وزیر نے کمپنی کے عہدیداروں کو تیقن دیا کہ حیدرآباد میں ٹیکنالوجی سنٹر کے قیام کیلئے وہ تمام ضروری منظوریوں کی فراہمی میں تعاون کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ کمپنی کے کاروبار میں تیزی کے ساتھ توسیع کیلئے اسے درکار ہنر بھی فراہم کیا جائے گا۔ کمپنی کے عہدیداروں نے اس تیقن پر مسرت کا اظہار کیا۔ انہوں نے کہا کہ ریاستی حکومت کی جانب سے تعاون کا تیقن اس بات کا اشارہ ہے کہ اس کے اور حکومت کے درمیان کامیاب شراکت ہوسکتی ہے۔ یہ کمپنی اپنے ٹیکنالوجی سنٹر کی تفصیلات کے اعلان کیلئے قطعی منظوریوں کی منتظر ہے۔ اس کے عہدیداروں نے کہا کہ ٹیکنالوجی کے سنٹر کے قیام کیلئے کمپنی ایک ٹیم جلد ہی بھارت روانہ کرے گی۔

☆☆☆☆☆

ریاستی حکومت نے حیدرآباد کے پولیس کمشنر کے سرینواس ریڈی کے بشمول پانچ سینئر آئی پی ایس عہدیداروں کو ڈائرکٹر جنرل آف پولیس کے درجہ پر ترقی دیدی ہے۔ ان عہدیداروں کو ان کے موجودہ عہدوں پر برقرار رکھا گیا ہے۔ چیف سکریٹری کی جانب سے جاری کئے گئے احکام کے تحت 1994 بیاچ کے پانچ عہدیداروں کے سرینواس ریڈی، بی شیودھر ریڈی، ابھیلا شا بھسٹ، سومیا مشرا اور شیکھا گوئل کو ترقی دی گئی ہے۔

☆☆☆☆☆

متحدہ ورنگل ضلع کے کئی منڈلوں میں گزشتہ چوبیس گھنٹوں کے دوران شدید بارش ہوئی۔ جس کے نتیجہ میں کئی تالاب لبریز ہوگئے۔ کئی دیہاتوں اور قصبوں میں پانی بھر گیا۔ ملوگو ضلع کے وینکٹا پورم منڈل میں سب سے زیادہ 8.2 سنٹی میٹر بارش ہوئی۔ بھوپال پلی ضلع میں گزشتہ دو دن سے موسلا دھار بارش کی وجہ سے چشمے اور ندیاں لبریز ہوگئی ہیں۔ شدید بارش سے دریائے گوداوری میں پانی کی سطح میں اضافہ ہوگیا ہے اور نشیبی علاقے زیر آب آ گئے ہیں۔ کئی کھیتوں میں پانی بھر گیا اور فصلوں کو نقصان پہنچا۔ لکشمی پورم کے قریب کنکلا واڈو اور پولی بنڈالا کے لبریز ہوجانے سے وینکٹا پورم اور ملا پورم کے درمیان موٹر گاڑیوں کی آمدورفت تھم گئی ہے۔ وینکٹا پورم۔ ایڈرلا پلی سڑک پر پالم واگو نہر کا پانی بہہ رہا ہے جس کی وجہ سے ٹرایفک کے مسائل پیدا ہوگئے ہیں۔ سیتارام پورم کے قریب بلا کٹو واگو، جنیلا واگو، کوکٹو گو واگو، کالی پاکا اور دوسرے معاون دریا خطرہ کے نشان سے اوپر بہہ رہے ہیں۔ محبوب آباد ضلع کے بیارم منڈل کے اتر تانڈا پنچایت کے تحت پیسرا تانڈا پرائمری اسکول میں سیلاب کا پانی داخل ہوگیا ہے۔ بیارم، پیدا چیرور واور تولارم پرا جکٹس میں بھاری مقدار میں پانی جمع ہورہا ہے۔

☆☆☆☆☆

انفارمیشن ٹیکنالوجی اور صنعتوں کے اسپیشل چیف سکریٹری جیش رنجن نے جو چیف منسٹر ریونت ریڈی کے ہمراہ امریکہ کے دورہ پر ہیں بھارت راشٹرا سمیتی کے الزامات پر اپنا ردعمل ظاہر کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ کسی بھی معاہدہ کے بارے میں کسی اندیشہ کی ضرورت نہیں ہے کیوں کہ حکومت خالص پیشہ وارانہ انداز میں تمام چھان بین کے بعد ہی ایسے معاہدے طئے کرتی ہے۔ چیف منسٹر کے سی پی آر او کے ایکس ہینڈل پر پوسٹ کئے گئے ایک ویڈیو میں جیش رنجن نے کہا کہ چیف منسٹر کا موجودہ دورہ کامیابی کے ساتھ جاری ہے۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ تلنگانہ سرمایہ کاری کیلئے ترجیحی مرکز بن جائے گا۔

☆☆☆☆☆

ایم بی بی ایس اور بی ڈی ایس میں داخلوں کے امیدوار طلبہ اور ان کے والدین نے آج سابق وزیر صحت ہریش راؤ سے ملاقات کی اور ان پر زور دیا کہ وہ ریاستی حکومت کو گورنمنٹ آرڈر نمبر 33 واپس لینے اور ان کے ساتھ انصاف کرنے کیلئے آمادہ کریں۔ اس ملاقات کے بعد ہریش راؤ نے ریاستی حکومت سے مطالبہ کیا کہ وہ تلنگانہ کے مقامی طلبہ کیلئے نقائص سے پاک اقامتی پالیسی تیار کریں۔ انہوں نے کہا کہ کھمم محبوب نگر، نلگنڈہ، ورنگل اور حیدرآباد اضلاع سے تعلق رکھنے والے نیٹ میں کامیاب ان طلبہ کے لئے تلنگانہ کے سرکاری میڈیکل کالجوں میں داخلوں کے امکانات موہوم ہوگئے ہیں جو تلنگانہ میں پیدا ہوئے لیکن جی او 33 کے مطابق انہیں غیر مقامی تصور کیا جائے گا۔ تلنگانہ میڈیکل اسٹوڈنٹس پیرنٹس اسوسی ایشن ڈی روی پرساد نے کہا کہ انہیں اپنے ہی بچوں کے ساتھ غیر مقامی شہریوں کا سلوک کئے جانے پر دکھ ہورہا ہے۔

آبپاشی کے محکمہ نے آج سدی پیٹ ضلع میں رنگا نائیکا ساگر سے چار پمپ کے ذریعہ ملنا ساگر میں پانی کی منتقلی شروع کردی۔ میڈ مانیر سے اننت گیری ذخیرہ آب تک پانی کو لیفٹ کیا جارہاہے اور وہاں سے اسے رنگا نائیکا ساگر میں منتقل کیا جارہا ہے۔ وزیر آبپاشی اتم کمار ریڈی کے نام سابق وزیر ہریش راؤ کے مکتوب کے بعد محکمہ آبپاشی نے پانی چھوڑنا شروع کیا۔

☆☆☆☆☆

نلگنڈہ ضلع میں ناگرجنا ساگر پراجکٹ کے قریب سنکی شالا پراجکٹ کی دیوار کے انہدام کی تحقیقات کا حکم دیدیا گیا ہے۔ پراجکٹ کے عہدیداروں نے بتایا کہ 25 میٹر اونچی یہ دیوار منہدم ہوئی تاہم اس میں کوئی جانی نقصان نہیں ہوا۔ انہوں نے بتایا کہ مزدور زمین کی سطح پر اور اس دیوار سے محفوظ فاصلہ پر تھے۔ یہ واقعہ یکم اگست پیش آیا لیکن اس کی تصاویر آج سامنے آئی ہیں۔

☆☆☆☆☆